اردو زبان سمجھنے والے طلباء کرام داخلہ لے سکتے ہیں۔ درجہ متوسطہ میں وہ طلباء داخلہ لینگے جو کہ ساتویں جماعت پاس ہو۔ داخلہ کے خواہشمند طلباء کیلئے نادراشناختی کارڈ کا ہونا لازمی ہے اور جو نابالغ ہیں وہ اپنے والد صاحب کا نادراشناختی کارڈ لائیں

نوٹ: ۲ حسب سابق دارالعلوم حقانیہ کے کتب میں داخل شدہ طلباء میں جو طلباء قراۃ والتجوید میں داخلہ لیں گے، مقررہ اوقات میں قراۃ وتجوید پڑھایا جائے گا اور آخر میں کامیاب طلباء کو سند دی جائے گی۔

(دارالعلوم حقانیہ کے نئے تعلیمی سال کا باضابطہ آغاز ان شاءاللہ 22 ستمبر ۲۰۱۰ء بروز بدھ ہوگا)

دارالعلوم حقانیہ میں متاثرین سیلاب کیلئے امدادی کیمپ کی سرگرمیاں:

دارالعلوم حقانیہ نے حسب سابق ماضی کی شاندار روایات کو برقرار رکھتے ہوئے ملک وملت اور خصوصاً اہل علاقہ پر ہر سخت مرحلے، آزمائش اور ابتلاء کے موقع پر اپنی بساط سے بڑھ کر ان کی ہر ممکن خدمت کی ہے۔ اس موجودہ سیلاب کی تباہ کاریوں کے موقع پر بھی دارالعلوم نے پہلے ہی دن اپنے تمام دروازے مسلمان بھائیوں کے لئے فوراً ہی کھول دیئے تھے۔ حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ نے فوراً لاؤڈ اسپیکر پر اعلان کرا کے ہزاروں افراد کے لئے ہنگامی قیام وطعام کا بندوبست توکلاً علی اللہ شروع کرا دیا۔ چونکہ مدرسہ میں ان دنوں تعطیلات تھیں اسی لئے مدرسے کے باہر تیرہ ہاسٹلز اساتذہ کے کوارٹرز، مہمان خانے اور تمام درسگاہیں فوراً کھول دی گئیں۔ شہر میں خطرناک سیلاب کی وجہ سے بجلی، صاف پانی اور دیگر ضروریات زندگی بھی مکمل طور پر ناپید ہوگئی تھیں۔ لیکن الحمدللہ دارالعلوم نے جنریٹرز اور پینے کے صاف پانی کے بڑے ذخیرے کی وجہ سے متاثرین کو کوئی مشکلات پیش نہ آئیں۔ دوسرے دن ایک بڑے میڈیکل کیمپ کا آغاز بھی ہوگیا، جو تا حال جاری ہے۔ روزانہ سینکڑوں افراد کا مفت طبی معائنہ اور ادویات فراہم کی جارہی ہیں۔ اسکے ساتھ ساتھ اکوڑہ کے قریبی دیہاتوں میں بھی جامعہ حقانیہ نے میڈیکل کیمپس قائم کئے۔ اسکے علاوہ ہزاروں افراد کو دو وقت کا کھانا بھی فراہم کیا جارہا ہے۔ ساتھ ساتھ ملحقہ علاقوں میں خشک راشن وغیرہ بھی حتی المقدور دارالعلوم بھیج رہا ہے۔ گو کہ کئی چیزوں کی ضرورت اب بھی بہت شدید ہے۔ اہل خیر حضرات سے خصوصی گزارش ہے کہ وہ خود آکر پختونخوا اور اکوڑہ کے علاقے دیکھ سکتے ہیں کہ کس قدر بڑی تباہی وبربادی ہوئی ہے۔

وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے سالانہ امتحانات:

پورے ملک میں وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے سالانہ امتحانات ختم ہونے کے بعد لاکھوں پرچوں کے معائنہ کا سلسلہ شروع ہے۔ وفاق المدارس کے مرکزی دفتر ملتان میں چونکہ جگہ کم پڑ گئی ہے۔ پانچ سو تک معائنہ کنندگان کو